تیسری ویکسین لگانے کیلئے بیرونِ ملک ویکسین لگوانے والوں کے ریکارڈ کے اندراج اور رجسٹریشن کی معلومات

□ جائزہ

○ غیر ملکی* جنہوں نے کسی دوسرے ملک میں COVID-19 کی ویکسین لگوائی تھی لیکن کوریا میں داخل ہونے پر قرنطینہ کی چھوٹ حاصل نہیں کر سکے تھے وہ کوریا میں تیسری ویکسین لگوا سکتے ہیں

*(بیرون ملک سے ویکسین لگوانے والے غیر ملکی) بیرون ملک سے لگوائی گئی ویکسین کی تاریخ اور ریکارڈ کا اندراج صرف ان افراد کا ہو گا جن کے پاس قرنطینہ سے استثنیٰ کا اجازت نامہ ہو گا('2021.10.7~)

○ وہ لوگ جنہیں* USFK کی طرف سے ویکسین لگائی گئی تھی لیکن ریٹائرمنٹ یا الحاق کی تبدیلی کی وجہ سے اپنی ویکسین کا ریکارڈ اور تاریخ کو رجسٹر کرانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا تھا، وہ بھی اپنی ویکسین لگوانے کی تاریخ اور ریکارڈ کا اندراج کروا سکتے ہیں۔

*(اُن لوگوں کے لیے جنہیں USFK سے ویکسین لگائی گئ) USFK نے اپنی لگائی گئی ویکسین کے ریکارڈ کا اندراج کیا ہے اور ویکسین سرٹیفکیٹ جاری کرتے ہیں۔

□ مقصد

○ اس اقدام کے ذریعے، غیر ملکی جنہوں نے اپنی پہلی اور دوسری ویکسین کے ریکارڈ کا اندراج کروایا ہو گا انہیں COVID-19 ویکسین کے لیے بیرون ملک ویکسین (COOV سمیت) کی تصدیق کا سرٹیفیکیٹ جاری کیا جائے گا، اور وہ تیسری ویکسین اور قرنطینہ پاس کے لیے درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔

□ اندراج یا رجسٹریشن کے قابل ویکسین

○ ویکسین لگوانے کے ریکارڈ کا اندراج صرف WHO سے منظور شدہ ویکسین* پر لاگو ہو گا

* Pfizer, Janssen, Moderna, AstraZeneca, Covishield (AZ-India Research Institute), Sinopharm (Beijing), Sinovac, Covaxin

○ غیر ملکی جن کے پاس قرنطینہ سے استثنیٰ کا اجازت نامہ نہیں ہے وہ تیسری ویکسین لگوانے کے بعد کوریا میں ویکسین کے ریکارڈ کو رجسٹر کروا سکتے ہیں۔

○ دوبارہ داخل ہونے اور تصدیق شدہ کیسز کے ساتھ قریبی رابطے کی صورت میں قرنطینہ سے مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے۔

□ رجسٹریشن کا طریقہ

○ بیرون ملک سے لگوائی گئی ویکسین کی تاریخ اور ریکارڈ کا اندراج کروانے کے خواہشمند غیر ملکی اپنے قریبی پبلک ہیلتھ سینٹر (보건소) پر جا کر اپنے حفاظتی ٹیکوں کی تاریخ اور ریکارڈ کو ID اور بیرون ملک حفاظتی ٹیکوں کے سرٹیفکیٹ کو دکھانے کے بعد رجسٹر کروا سکتے ہیں۔